غیر ملکی ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والوں کے لیے 1 جولائی 2023 سے نئے اصول

دوسرے ممالک کے ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والوں کے لیے 1 جولائی 2023 سے دو نئے اصول اطلاق پائیں گے – 'چھ مہینے کا اصول' اور 'ڈرائیونگ کے حق سے محرومی' کا اصول۔

چھ مہینے کا اصول

نئے اصول ان لوگوں کے لیے اطلاق پاتے ہیں جو 1 جولائی 2023 کو یا اس کے بعد عارضی ویزے پر نیو ساؤتھ ویلز میں رہائش اختیار کریں۔

نئے اصولوں کے تحت، عارضی ویزا رکھنے والے افراد اگر مسلسل نیو ساؤتھ ویلز میں رہتے رہے ہوں اور وہ ڈرائیونگ جاری رکھنا چاہتے ہوں تو انہیں چھ مہینوں کے اندر نیو ساؤتھ ویلز کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنا ہو گا۔

نیو ساؤتھ ویلز کا رہائشی ہونے کے لیے ضروری ہے کہ ایک شخص عام معمول میں نیو ساؤتھ ویلز میں کسی پتے پر رہتا ہو۔ وہ کسی دوسری سٹیٹ میں عارضی طور پر چھٹیاں گزارنے یا کام کرنے کے لیے جا سکتا ہے لیکن اسے مسلسل نیو ساؤتھ ویلز کا رہائشی سمجھا جائے گا۔ یہ عرصہ اس تاریخ سے شروع ہوتا ہے جب ایک شخص نیو ساؤتھ ویلز میں اپنا بنیادی پتہ حاصل کرے، پتہ بدلے یا استعمال کرنا شروع کرے۔

جو غیر ملکی ڈرائیونگ لائسنس رکھنے والے 1 جولائی 2023 سے پہلے سے نیو ساؤتھ ویلز کے رہائشی ہیں، وہ اپنے غیر ملکی لائسنس پر گاڑی چلانا جاری رکھ سکتے ہیں اور ان کے لیے نئے تقاضے پورے کرنا لازمی نہیں ہے۔

مثال 1:

A نامی شخص 1 مارچ 2023 کو نیو ساؤتھ ویلز میں پہنچا۔ اس کے لیے نیا 'چھ مہینے کا اصول' اطلاق نہیں پاتا۔ A نامی شخص مائیگریشن ایکٹ کے تحت مستقل ویزے کا حامل بن جانے تک یا اپنے غیر ملکی لائسنس کی مدت ختم ہو جانے یا کسی اور وجہ سے منسوخی یا معطلّی تک اپنے غیر ملکی لائسنس پر نیو ساؤتھ ویلز میں گاڑی چلانا جاری رکھ سکتا ہے۔

مثال 2:

B نامی شخص 1 جولائی 2023 کو نیو ساؤتھ ویلز میں پہنچا۔ B نامی شخص اس تاریخ کے بعد سے مسلسل چھ مہینے یا اس سے زیادہ عرصہ نیو ساؤتھ ویلز میں رہے گا۔ B نامی شخص کو 1 جنوری 2024 تک نیو ساؤتھ ویلز کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنا پڑے گا۔

مثال 3:

C نامی شخص پانچ مہینے نیو ساؤتھ ویلز میں رہا اور پھر ایک مہینے کے لیے چھٹیوں پر کوئینزلینڈ گیا۔ C نامی شخص کو نیو ساؤتھ ویلز کا ڈرائیونگ لائسنس لینا ہو گا کیونکہ اس کی اصل رہائش نیو ساؤتھ ویلز میں ہے۔

بطور وزیٹنگ ڈرائیور گاڑی چلانے کے حق سے محرومی

1 جولائی 2023 کو نیو ساؤتھ ویلز میں غیر ملکی ڈرائیونگ لائسنس پر گاڑی چلانے والے سب لوگوں کے لیے نئے اصول نافذ ہو جائیں گے۔ Transport for NSW ان صورتوں میں ایک شخص کا بطور وزیٹنگ ڈرائیور گاڑی چلانے کا حق مستقل طور پر ختم کر دے گا کہ:

- اسے 13 ڈی میرٹ (سزائیہ) پوائنٹس مل جائیں؛ یا
- وہ ڈرائیونگ کے سنگین جرم (جس کا ذکر روڈ ٹرانسپورٹ ایکٹ 2013 کے سیکشن 224 میں ہو) کا مجرم قرار پائے، یا
- اسے آسٹریلیا کے کسی بھی حصے یا کسی دوسرے ملک میں موٹر گاڑی کی ڈرائیونگ سے معطّل (سسپینڈ) یا ڈس کوالیفائی کیا گیا ہو؛ یا
- اسے منشّیات یا شراب سے تعلق رکھنے والے ڈرائیونگ کے جرم کا مجرم قرار دیا گیا ہو۔

ڈرائیونگ کے سنگین جرائم میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- اس انداز میں گاڑی چلانا جس سے سنگین حادثہ، موت یا شدید جسمانی نقصان واقع ہو
- رفتار کی حد سے 45 کلومیٹر فی گھنٹا سے زیادہ تیز رفتار
- رفتار کی حد سے 30 کلومیٹر فی گھنٹا سے زیادہ تیز رفتار
- جسم میں الکحل کی ایک مخصوص مقدار یا غیر قانونی نشہ آور چیز کی ایک مخصوص مقدار کے ساتھ گاڑی چلانا
- سٹریٹ ریسنگ اور بدمعاشانہ ڈرائیونگ کے دوسرے جرائم میں ملوّث ہونا
- نگرانی کے بغیر گاڑی چلانا (لرنر لائسنس رکھنے والے).

نیو ساؤتھ ویلز کا ڈرائیونگ لائسنس لینا

1. Road User Handbook پڑھ کر نیو ساؤتھ ویلز میں ٹریفک کے اصولوں کا علم حاصل کریں تاکہ آپ کا بحفاظت نیو ساؤتھ ویلز کی سڑکوں پر گاڑی چلانا یقینی ہو۔
2. لائسنس کا درخواست فارم مکمل کریں اور درخواست کے ساتھ مطلوبہ کاغذات تیار کریں۔
3. درخواست فارم اور مطلوبہ کاغذات، جن میں شناخت کا ثبوت، موجودہ غیر ملکی لائسنس اور انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے کاغذات کے انگلش تراجم شامل ہیں، لے کر Service NSW کے سروس سنٹر میں آئیں۔
4. آپ کو Service NSW کے سروس سنٹر میں بتایا جائے گا کہ آیا آپ لائسنس کے لیے اہل ہیں اور آیا آپ کو ڈرائیور نالج ٹیسٹ اور پریکٹیکل روڈ ڈرائیونگ ٹیسٹ دینا ہو گا۔

درخواست گزاروں کو نیو ساؤتھ ویلز کے ڈرائیونگ لائسنس کے تمام تقاضے پورے کرنے کے لیے کافی وقت رکھنا چاہیے اور چھ ماہ کی مدت ختم ہونے سے کافی پہلے صرف نیو ساؤتھ ویلز کے ڈرائیونگ لائسنس کی درخواست ہی نہیں دینی چاہیے بلکہ لائسنس حاصل کر لینا چاہیے۔

سزائیں

1 جولائی 2023 سے ان عارضی ویزے رکھنے والوں کے لیے سزائیں واجب ہوں گی جو مسلسل چھ مہینے یا اس سے زیادہ عرصے سے نیو ساؤتھ ویلز میں رہائش پذیر ہوں اور جو اپنے غیر ملکی لائسنس پر گاڑی چلانا جاری رکھیں۔ اسے لائسنس کے بغیر گاڑی چلانا سمجھا جائے گا۔

تجویز کیا گیا ہے کہ پہلی بار جرم پر $603 جرمانہ واجب ہو گا اور دوسری بار یا اس کے بعد بھی اعادۂ جرم پر $924 جرمانہ واجب ہو گا۔ عدالت زیادہ سے زیادہ $2200 جرمانے (20 پینلٹی یونٹس) کی سزا دے سکتی ہے۔

nsw.gov.au/overseasdriver پر مزید معلومات حاصل کریں۔